22فروری، 2012

رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ کے دوران زرعی قرضوں کی فراہمی 20 فیصد اضافے کے ساتھ 149.658 بلین روپے تک پہنچ گئی

رواں مالی سال (12-2011) کے پہلے 7 ماہ (جولائی ۔جنوری) کے دوران بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں سالانہ بنیاد پر 20 فیصد کا اضافہ ہوا۔ بینکوں نے رواں مالی سال (12-2011) کے پہلے 7 ماہ (جولائی ۔جنوری) کے دوران زرعی شعبے کو 149.658 بلین روپے کے قرضے فراہم کئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی شعبے کو 124.886 بلین روپے کے قرضے فراہم کئے گئے تھے۔ اس طرح اس عرصے کے دوران زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں 24.772 بلین روپے کا اضافہ ہوا۔

پانچ بڑے کمرشل بینکوں، جن میں الائیڈ بینک لمیٹڈ (ABL)، حبیب بینک لمیٹڈ (HBL)، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (UBL) شامل ہیں، کی جانب سے رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ (جولائی ۔جنوری، 2012) کے دوران مجموعی طور پر 82.462 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے گئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران ان پانچ بینکوں نے زرعی شعبے کو 68.481 بلین روپے کے قرضے فراہم کئے تھے۔ اس طرح ان پانچ بڑے کمرشل بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں جولائی ۔جنوری، 2012 کے دوران 13.981 بلین روپے یا 20.42 فیصد اضافہ ہوا۔

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) جو سب سے بڑا اسپیشلائزڈ بینک ہے، نے رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ کے دوران 26.361 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ نے 26.369 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے تھے، اس طرح زرعی ترقیاتی بینک نے 0.03 فیصد کم زرعی قرضے جاری کئے۔ رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) کی جانب سے زرعی قرضوں کی فراہمی 4.980 بلین روپے رہی جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے 3.876 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے تھے، اس طرح پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے اس عرصے میں 28.49 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کئے۔

14 ملکی نجی بینکوں (DPBs) نے رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ کے دوران 28.996 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے ابتدائی 7 ماہ کے دوران ان بینکوں نے 26.160 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے تھے، یوں ان بینکوں کی جانب سے اس عرصے کے دوران 10.84 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کئے گئے۔

خوشحالی بینک لمیٹڈ، این آر ایس پی مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، دی فرسٹ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، پاک اومان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ اور تعمیر مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ سمیت پانچ مائیکروفنانس بینکوں نے جولائی ۔جنوری 2012 کے دوران مجموعی طور پر 6.858 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پہلی مرتبہ مائیکروفنانس بینکوں کو رواں مالی سال کے لئے زرعی شعبے کو 12.20 بلین روپے کے قرضوں کی فراہمی کا مجوزہ ہدف دیا ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے رواں مالی سال کے لئے زرعی قرضوں کی فراہمی کا 285 بلین روپے ہدف تجویز کیا ہے۔

☆☆☆: